Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برصغیر ہند و پاک کی ایک تاریخی شبِ عبادت

شبیہہ تربت

اٹھارہ ۱۸ نوجوانانِ بنی ہاشمؑ

زیارت گنج شہیداں

اجمالی تعارف

از قلم

محمد وصی خاں

صدر انجمن ناصر العزا رجسٹرڈ: کراچی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ھیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ھیں.

منجانب.

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدرآباد پاکستان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

Knowledge for All

SABIL-E-SAKINA

یا عباس

۷۸۶

۹۲_۱۱۰

یا صاحب الزماں ادرکنی

DvD Version

لبیک یا حسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

اسلامی کُتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری۔

www.ziaraat.com

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

NOT FOR COMMERCIAL

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دنیاوی مشکلات کا حل مشکل کشا کے صدقے میں مل گیا۔ نقشِ مولا علیؑ مفت حاصل کیجئے۔ اور زیارت گنج شہیداں بھی کیجئے

پیاری بہنوں

امسال بھی اراکین انجمن ناصر العزاء (رجسٹرڈ) ۱۱ر نومبر ۱۹۸۲ء بوقت ۸ بجے شب امام بارگاہ جعفریہ گوبیارہیں سیدہ فاطمۃ الزہراؑ کے لال اور علیؑ کے دلبند کی بیکسی و مظلومی کی یاد میں فرشِ عزا کا اہتمام کر رہے ہیں جسمیں تمام رات ماتم ہی ماتم کیا جائے گا۔ بمقام دفن گاہ تعزیہ میں اٹھارہ نوجوانان بنی ہاشمؑ کی تربت کی شبیہہ، خیام اہل بیتؑ، شبیہہ نہر فرات، یادگار تاریخی علم حضرت عباس علمبردار۔ شبیہہ گنج شہیداں کی زیارت کرائیں گے۔ ہم یقین سے کہتے ہیں کہ آپ زیارت کو آئیں تو یہاں گنج شہیداں کو دیکھکر بہت روئیں گی۔ بی بی ان شبیہہ تربت کے لئے اپنے ساتھ اگربتی، موم بتی اور پھول لانا مت بھول لیئے گا۔ اس فرشِ عزا پر یقیناً آپ بھی اپنے بھائیوں کے ساتھ تمام رات ماتم و گریہ کرینگی۔ بعد نماز فجر دنیاوی مشکلات کے حل کے لئے نقش مشکل کشا، تابوت سید الشہداء پر نذر کرنے کے بعد مفت تقسیم کئے جائیں گے۔ پیاری بہنوں یہ نقش اپنے اور اپنے گھر والوں کے لئے لینا مت بھولیئے گا۔

خادمین فرشِ عزاء

علمدار حسین اسلم (جنرل سیکریٹری) و اراکین

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ترتیب و پیشکش

بفضل الٰہی و بہ تصدق ائمہ معصومین

محمد وصی خان مد

مصنف

صدر انجمن ناصر العزا رجسٹرڈ

جو کچھ ہوا ہوا کرم سے تیرے
جو کچھ ہوگا ترے کرم سے ہوگا
(غالب)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اجمالی تعارف

زیارت گنج شہیداں

شبیہہ تربت اٹھارہ نوجوانان بنی ہاشمؑ

مومنین کرام ہم اراکین انجمن ناصر العزا ہر سال بمقام دفن گاہ تعزیہ امام بارگاہ جعفریہ حسین آباد گولیمار میں ۱۱ محرم الحرام اور چہلم امام مظلومؑ کے درمیان کسی بھی شب جمعہ کو ایک مثالی شب عبادت کا اہتمام کرتے ہیں۔ اس دن انجمن کی جانب سے مجلس عزا منعقد کی جاتی ہے۔ پھر تمام رات حسینی سوگواروں کو سیدہ کے لال کا ماتم برپا کرنے کے لئے مدعو کیا جاتا ہے۔ اس عبادت کی شب میں شہر کراچی کے گوشے گوشے سے ہزاروں کی تعداد میں حسینی پروانے شرکت کرتے ہیں مومنین سے زیادہ مومنات جناب سیدہ کے لال شہزادی زینبؑ و کلثومؑ کو ان کے بھائی اور شہزادی سکینہؑ کو ان کے بابا اور چچا کا پرسہ دینے کے لئے آتی ہیں۔ خاص کر چھوٹے چھوٹے بچے ان شبیہہ تربت پر تمام رات اگربتی اور موم بتی روشن کرتے ہیں۔

انجمن کی جانب سے مومنین و مومنات کے قیام کا مکمل بندوبست ہوتا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۔ تمام رات نذر و نیاز تقسیم کی جاتی ہے اس کے علاوہ امام رضا علیہ السلام کا ارشاد فرمایا ہوا نقش مولا مشکل کشاؑ مفت تقسیم کیا جاتا ہے۔ یہ نقش اپنے اندر بڑی کرامات رکھتا ہے اور رکھنا بھی چاہیئے کیونکہ یہ مشکل کشاؑ کے نام نامی سے منسوب ہے جسکو دنیا میں رب جلیل نے مشکلات کے حل کے لئے پیدا کیا ہے۔ اراکین انجمن ناصر العزاء (رجسٹرڈ) دفن گاہ تعزیہ میں کربلا کے شہیدوں کی تربت کا نقشہ اس طرح پیش کرتے ہیں کہ ایک تربت اصحاب و انصار کی گنج شہیداں کے طور پر بنائی جاتی ہے۔ پھر ۱۸ شبیہہ تربت نوجوانان بنی ہاشمؑ کی بنائی جاتی ہے۔ نہر فرات کی شبیہہ اور ایک یادگاری علم بیاد حضرت عباسؑ علمدار نصب کیا جاتا ہے۔ یہ سارا کا سارا منظر دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ آیئے ہم ان ۱۸ نوجوانان بنی ہاشم جنکی شبیہہ تربت ہم بناتے ہیں۔ آپ سے تعارف کرائیں۔

بعد انصار عزیزوں نے کیا قصد وغا

صبح عاشور ہی سے امام حسین علیہ السلام کے اقرباء اور آل ابوطالب علیہ السلام کے جوان مرد انصار حسین علیہ السلام کے دوش بدوش محوِ جہاد تھے مگر انصار سید الشہداء کی شہادت کے بعد قربانی کا میدان آلِ ابوطالبؑ کے لئے ہموار ہو چکا تھا۔ اس لئے کہ انصار حسینیؑ کی زندگی میں یہ ممکن ہی نہ تھا کہ بنی ہاشم اور آلِ ابوطالبؑ علیہ السلام میں سے کوئی جان دینے کے لئے میدان میں جاتا۔ اگر ایسا ہوتا تو باوفا انصار اپنے ہاتھوں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے اپنے گلے کاٹ کے مر جاتے۔ شبِ عاشور اپنی استقامت کا ثبوت دینے کے لئے ان ہی انصار حسینؑ نے یہ کہا تھا کہ امام مظلومؑ آپ اپنی بہن اور ہماری شہزادی جناب زینب صلوٰۃ اللہ علیہا سے فرما دیجئے کہ ہماری استقامت کا امتحان مقصود ہو تو حکم فرمائیے ابھی ابھی ہم سب اپنے ہاتھوں سے اپنے گلے کاٹ کر آپکے خیمہ کے در پر پھینکدیں۔ یہی وہ انصار تھے جنکے لئے سید الشہداءؑ نے "اَکْبَرَّ دَاُوفِی" کا خطاب مرحمت فرمایا تھا۔ ان کی موجودگی میں اہلبیت اطہار میں سے کوئی فرد میدان کا تہا رخ کرتا تو وہ یہ کہہ کر روک دیتے کہ ہماری زندگی میں یہ ممکن نہیں۔

شہداء آلِ ابو طالبؑ میں حضرت علی اصغر علیہ السلام۔ حضرت عبد اللہ الرضیع علیہ السلام۔ حضرت عبد اللہ بن حسن علیہ السلام کے علاوہ وہ حضرات جو فوج یزید ملعون سے جنگ کرکے شہید ہوئے انکی تعداد مورخین نے اٹھارہ لکھی ہے۔ ان ہی کو ذاکرین کرام اور شعراءِ عظام "اٹھارہ نوجوانان بنی ہاشمؑ" کہتے ہیں۔ بقول اکثر مورخین ان میں سب سے پہلے شہید حضرت عبد اللہ بن مسلم علیہ السلام تھے مگر زیارت ناحیہ کی تصدیق اور ملا باقر مجلسی علیہ الرحمہ کی تحقیق کے مطابق اول شہید راہ خدا حضرت علیؑ اکبر ابن حضرت امام حسین علیہ السلام تھے

جناب علی اکبر کے قاتل کا نام مرہ بن منقذ بن نعمان عبدی حصین بن نمیر۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۱) حضرت عبداللہ بن مسلمؑ

جناب ابوالفرج اصفہانی لکھتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسلمؑ جناب رقیہؑ بنت امیرالمومنین علیہ السلام کے بطن سے تھے اور جناب رقیہؑ حضرت عباس ابن علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی سگی بہن تھیں آپکے والد ماجد کا نام نامی مسلم بن عقیل بن ابی طالب علیہ السلام تھا۔ عاشور کے دن آپ کربلا میں جب یزید کی فوج کے خلاف میدان کی اجازت مانگنے امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت نے فرمایا۔ میرے بیٹے ابھی تمہارے والد کی شہادت کو کتنا عرصہ گزرا ہے ابھی یہ داغ میرے دل پر تازہ ہے۔ اے عبداللہؑ بہتر ہو کہ تم اپنی ستم رسیدہ ماں کا ہاتھ تھام کے اس پر آشوب جگہ سے کہیں اور چلے جاؤ۔ جناب عبداللہؑ نے عرض کی مولا ہماری جان آپ پر فدا ہو ہم ایسے بزدل نہیں ہیں کہ اس حیاتِ فانی کو حیاتِ جاودانی پر ترجیح دیں۔ مجھے پوری توقع ہے کہ آپ میری جان کا ناچیز تحفہ قبول فرمائیں گے۔ امام حسین علیہ السلام نے آبدیدہ ہو کر سر جھکا لیا اور آپ یہ رجز پڑھتے ہوئے فوجِ یزید کی طرف بڑھے

"آج میں اپنے باپ مسلمؑ سے ملاقات کرنے والا ہوں اور اُن جوان مردوں سے جو آلِ نبیؐ پر قربان ہو گئے ہم اُن میں سے نہیں ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جو کذب اور جھوٹ سے پہچانے جاتے ہیں ہم توڑنے کریم النسب اور حسب کے لحاظ سے سادات بنی ہاشم میں شامل ہیں"۔

عبداللہ بن مسلمؑ کے شیرانہ حملے سے فوج یزید کی صفیں درہم برہم ہوگئیں۔ آخر عمرو بن صبیح الصیداوی اور اسد بن مالک ملعونوں نے مل کر آپ کو شہید کیا اور وہ بھی اس طرح کہ آپ اپنی پیشانی پر ہاتھ رکھنا چاہتے تھے کہ پسینہ پونچھیں کہ ناگہاں ایک تیر فوج یزید کی طرف سے آیا کہ آپکا ہاتھ پیشانی سے پیوست ہوگیا اور ان دشمنوں نے موقع سے فائدہ اٹھاکر آپکو شہید کردیا۔ اس بیکسی اور مظلومی کی موت کی یاد میں ہم گنج شہیداں میں زیارت کے لئے آپ اور دیگر شہداء کی شبیہہ تربت بناتے ہیں۔

(۲) حضرت محمد ابن مسلمؑ

حضرت محمد ابن مسلمؑ حضرت عبداللہ ابن مسلمؑ کے بعد میدان میں آئے اور شیرانہ جنگ کے بعد ابو جرہم الازدی اور لقیط بن ایاس الجہنی کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

(۳) حضرت جعفر ابن عقیلؑ

صاحبزادگان حضرت مسلمؑ کے بعد اب حضرت عقیلؑ کے صاحبزادوں کی باری آئی۔ سب سے پہلے حضرت جعفر ابن عقیلؑ فوج یزید ملعون کیطرف

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ رجز پڑھتے ہوئے بڑھے۔ "ہیں جوان المطلبی و طالبی ہوں ہیں ہاشمؑ و غالب کے گروہ سے ہوں۔ ہم مرد میدان ہیں وہ دیکھو سامنے ہمارے سردار حسینؑ جو طیب اور الطایب سے ہیں اور رسولؐ خدا محمد مصطفےٰ کی عترت طاہرہ میں شامل ہیں پنجتن پاک کی آخری نشانی ہیں"

آپ رجز پڑھتے ہوئے لشکر یزید پر حملہ آور ہوئے۔ پندرہ یزیدیوں کو جہنم واصل کیا۔ آخر میں عبداللہ نخشعمی کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

(۴) حضرت عبدالرحمان ابن عقیل

حضرت جعفر کے بعد حضرت عبدالرحمٰن ابن عقیلؑ میدان میں آئے۔ اور رجز پڑھتے ہوئے فوج یزید پر حملہ کر دیا۔ رجز "میرے باپ عقیلؑ ہیں اب تم میرا مرتبہ سمجھ لو کہ مجھے ہاشمؑ سے کیا ربط ہے۔ میرے بزرگ سچائی کے آزمودہ کار عمر رسیدہ تھے اور سرداروں کے قرین اور ساتھی تھے میں حسین علیہ السلام کا فدائی ہوں جن کی بنیادیں بلند ہیں اور جو سردار جوانان جنت ہیں۔ حضرت عبدالرحمٰن ابن عقیلؑ نے اپنے شیرانہ حملے میں سترہ اشقیاء کو جہنم واصل کیا۔ اور عثمان ابن خالد الجہنی کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

(۵) حضرت عبداللہ ابن عقیلؑ

عبدالرحمٰنؑ کی شہادت کے بعد عبداللہ ابن عقیلؑ میدان کارزار میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تشریف لائے۔ بھائی کی طرح امام عالیمقام کی عظمت میں قصیدہ پڑھا۔ اپنے کو راہِ حق اور یزیدیوں کو باطل کا طرفدار کہا۔ اور اس کے بعد ایک شدید حملہ کیا۔ فوجِ یزید میں ہلچل مچا دی۔ آخر میں ہاشمی شجاعت کے جوہر دکھاتے ہوئے عثمان ابن اشیم الجہنی کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

(۶) حضرت موسیٰ ابن عقیلؑ۔

بقول ابی مخنف حضرت موسیٰ ابن عقیلؑ بھائیوں کی شہادت کے بعد میدانِ کارزار میں تشریف لائے تو ان کے منہ سے یہ رجز نکل رہا تھا "اے بوڑھو اور جوانو تمہاری گردنوں کے لئے تیز تلواروں کا تحفہ لایا ہوں اور تمہارے سینوں کے لئے نیزہ بھی ساتھ لایا ہوں میں اپنے خاندان کے بچوں اور خواتین کے دفاع کے لئے تم سے لڑوں گا۔ دین کی حفاظت کروں گا اور امام انس و جاں پر جان قربان کروں گا۔ مجھے خالق انسان نے یہی حکم دیا ہے اور مجھے اسکی رضامندی اور رسولؐ منان کی خوشنودی حاصل کرنا ہے اے یزیدیوں یہ حسینؑ ہیں۔ جنکے نانا اللہ کے رسولِ آخر ہیں۔ ایک بھرپور حملہ کیا۔ ستر سے زیادہ ملعونوں کو واصلِ جہنم کیا۔ اور پھر حسینؑ پر اپنی جان قربان کر دی۔

نوٹ:۔ واقعہ کربلا کے سلسلہ میں جناب عقیلؑ کے پانچ صاحبزادوں نے اپنی جانیں آلِ رسولؐ پر قربان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیں۔ جناب مسلم جو سفیر امام حسینؑ تھے کوفے میں شہید ہوئے اور اُن کے چار بھائیوں نے کربلا میں شہادت پائی۔

(۷) محمدؑ ابن عبدُاللہ جعفر طیارؑ

آپ حضرت جعفر طیار کے پوتے اور جناب عبدُاللہ کے صاحبزادے تھے۔ امام عالی مقام سے اجازت دعا ملنے پر فوجِ یزید کی طرف بڑھے اور حیدری جوانوں کی طرح یہ رجز پڑھا۔

"ہم خدا سے حملہ آوری کے خلاف فریاد کرتے ہیں۔ اس قوم کی حملہ آوری جو اندھی ہے جس کے معالم قرآن کو چھوڑ دیا ہے۔ اور تنزیلِ محکم اور تبیان کو ترک کر دیا ہے اور کفر کے ساتھ سرکشی پر کمربستہ ہو گئی ہے دس یزیدیوں کو قتل کیا آخر میں محمد عامر ابن نہشل التمیمی ملعون کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

(۸) عون بن عبداللہ بن جعفر طیارؑ

اپنے بھائی محمدؑ کے بعد آپ میدان کارزار میں تشریف لائے آتے ہی حیدری شان کے ساتھ زبانِ وحی کلام سے رجز ادا کیا۔

"اے فوج یزید ملعون تمکو معلوم ہونا چاہیئے کہ میں کون ہوں اگر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہیں جانتے ہو تو سن لو میں جعفر طیارؑ کا فرزند ہوں۔ وہ جعفر طیارؑ جو شہید صداقت ہیں۔ اور مقیم جنت ہیں جہاں وہ سبز شہپروں سے پرواز کر رہے ہیں۔ اے فوج یزید اس سے بڑا ہمارا شرف روز محشر کیا ہوگا۔ ہم حسینیؑ فوج کے دلیر سپاہی ہیں۔ حق پر جان دینا ہماری میراث ہے۔ یہ کہکر فوج کفار پہ یلغار کر دی۔

تین سواروں اور آٹھ پیادوں کو واصل جہنم کیا۔ جنگ کرتے ہوئے ملعون ازلی عبداللہ ابن قطبہ بن ہانی کے ہاتھوں شہید ہوئے

(بحوالہ تاریخ کاظمی درتی علامہ سیدی مرحوم)

(۹) حضرت قاسمؑ ابن الحسنؑ ابن علی ابن ابیطالب علیہ السلام

حضرت امام حسن علیہ السلام کے پانچ صاحبزادے کربلا میں اپنے چچا حضرت امام حسین علیہ السلام پر حق کی حمایت میں دین اسلام کا پرچم بلند کرتے ہوئے جیدری میراث کے ساتھ قربان ہوئے۔ روز عاشور جب حضرت قاسم نے سید الشہدا امام عالیمقام سے جنگ کی اجازت طلب کی تو

"روئے بہت حسینؑ کہ قاسم یتیم تھے"

امام عالیمقامؑ نے کہا اے میرے لخت جگر تو میرے بھائی کی نشانی ہے۔ یہ مجھسے نہیں ہو سکتا۔ روایت کے مطابق حضرت قاسمؑ نے اپنے والد امام

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حسن علیہ السلام کا تحریر کردہ وصیت نامہ امام عالیمقام کو دکھایا جسمیں تحریر تھا اے میرے بیٹے جب میرے بھائی پر کوئی مصیبت کا وقت آئے تو اپنی جان انکے قدموں پر نچھاور کرنے میں دیر نہ کرنا۔ مولا نے وصیت نامہ دیکھا روئے اور حضرت قاسم کو اجازت دے دی۔ جناب قاسمؑ میدان میں رجز پڑھتے ہوئے آئے "اے نہ جاننے والو جان لو کہ میں حسنؑ کا بیٹا ہوں جو نبی اکرمؐ کے نواسے اور علیؑ فاتح بدر و حنین کے بیٹے تھے یہ دیکھو اسیر محن امام حسینؑ ہیں۔ اگر تم ان کی قدر کی ہوتی تو ہمیشہ آب صاف سے لطف اندوز ہوتے"۔

یہ علیؑ کا شیر اور حسنؑ کا دلبند تھا کسی کو مقابلہ کی جرأت نہ ہوتی تھی۔ جو پہلوان ہزاروں کے برابر سمجھے جاتے وہ آتے اور قتل ہو جاتے۔ ستر یزیدی اپنے واصل جہنم کئے جنمیں ارزق شامی اور اس کے چاروں بیٹے بھی شامل تھے۔ آخر اشقیار نے کمین گاہ سے چھپ کر حملہ کیا۔ چاروں طرف سے تیروں کی بارش کر دی۔ آخر ملعون ازلی عمر بن سعد عروہ بن نفیل ازدی کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ چچا کو آواز دی۔ امام حسین علیہ السلام فوراً میدان کی طرف دوڑے۔ قاتل عمر ازدی کے ہاتھوں کو شانوں سے جدا کیا۔ اور ایک بھرپور حملہ فوج یزید پر کیا۔ فوج اعداء نے گھبراہٹ میں لاش قاسمؑ کو پامال کر دیا۔ اور امام حسین علیہ السلام یہ دیکھ کر بہت روئے اور دعا کی کہ خدایا تو اس قوم سے ہمارا بدلہ لے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۱۰) حضرت عبداللہ الاکبر ابن حسن علیہ السلام

حضرت قاسمؑ کے بعد آپ میدان میں آئے رجز پڑھا۔ چودہ یزیدیوں کو تہ تیغ کیا اور ہانی ابن ثبیت حضرمی ملعون کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

(۱۱) حضرت احمد ابن حسن بن علی ابن ابی طالبؑ

ابو مخنف اپنے مقاتل میں تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ الاکبر کی شہادت کے بعد احمد ابن حسن علیہ السلام حیدری شان کے ساتھ رجز پڑھتے ہوئے میدان میں آئے اور صفوں کو درہم برہم کر دیا۔ یزیدیوں میں کھلبلی مچ گئی متعدد اشقیاء واصل جہنم ہوئے فوج یزید کی طرف سے ایک اجتماعی حملہ میں شہید ہوئے۔

(۱۲) حضرت عبداللہ ابن علی ابن ابی طالب علیہ السلام

جناب عبداللہؑ حضرت عباسؑ کے چھوٹے بھائی اور جناب ام البنینؑ زوجہ امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کی گود کے پالے تھے جن کا پورا خاندان عرب میں صرف شجاعت و جوانمردی کی وجہ سے مشہور تھا۔ ان چھ شیروں کی جنگ کا نقشہ کون کھینچ سکتا ہے۔ شجاعت جن کے گھر کی لونڈی ہو۔

حضرت ام البنینؑ کے صاحبزادوں میں سب سے پہلے جناب عبداللہ ابن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابن ابی طالب نے اپنے آقا حسینؑ پر راہِ حق میں جنگ کرتے ہوئے اپنی جان قربان کی۔ آپ کا قاتل ہانی بن ثبیت حضری ملعون تھا۔ (بحوالہ تاریخ کا خونی ورق از علامہ ہندی)۔

(۱۴۰) حضرت جعفر الاکبر ابن علی ابن ابی طالبؑ

آپ بھی حضرت عباس علیہ السلام کے بھائی اور جناب ام البنینؑ کی گود کے پالے تھے میدان کارزار میں اپنے بھائی حضرت عبداللہؑ کے بعد تشریف لائے اور فاطمہؑ کے لختِ جگر کے قدموں پر راہِ حق میں جہاد کرتے ہوئے قربان ہوئے۔ آپ کا قاتل ہانی بن ثبیت حضری ملعون تھا۔ (بحوالہ تاریخ کا خونی ورق از علامہ ہندی مرحوم)

(۱۴۱) حضرت عمران ابن علی ابن ابی طالبؑ

بعض کتابوں میں آپ کا نام عثمان لکھا ہے لیکن دراصل آپ کا نام عمرانؑ تھا اور یہ حقیقت بھی ہے۔ اس سلسلہ میں کراچی کے مشہور شاعر اہلبیت حسین بھائی نظر نے مجھکو بتایا کہ ان کو جناب عباسؑ علمدار نے خود خواب میں بشارت دی کہ ان کے بھائی کا نام عمرانؑ ہے۔ عثمان نہیں۔ بھائیوں۔ اس ناچیز کے خیال میں جناب امیرؑ نے اپنے مورث اعلیٰ کے نام نامی پر عمرانؑ رکھا ہوگا۔ یہ شجاع ابن شجاع نے بہادری کے جوہر دکھاتے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوئے اپنے آقا حسینؑ کی بارگاہ میں حق کا علم بلند کرتے ہوئے قربان ہوئے آپ کے قاتل کا نام عولی بن یزید اصبحی تھا۔ (بحوالہ تاریخ کا خونی ورق از علامہ ہندی مرحوم)

(۱۵) حضرت محمد الاصغر ابن علی ابن ابیطالبؑ

جناب عمرانؑ کی شہادت کے بعد آپ بارگاہِ امام عالی مقام میں جان کا نذرانہ پیش کرنے کے لئے حاضر ہوئے آپ بھی حضرت عباس علمبردار کے بھائی اور جناب ام البنینؑ کی گود کے پالے تھے۔ متعدد کفار کو جہنم داخل کیا اور آبادی الدارمی ملعون کے ہاتھوں جام شہادت نوش کیا (بحوالہ تاریخ کا خونی ورق از علامہ ہندی)

jabir.abbas@yahoo.com

(۱۶) حضرت عون ابن علی ابن ابی طالبؑ

آپ بھی حضرت علی ابن ابی طالب کی اولاد میں سے تھے اور اسماء بنتِ عمیسؓ کے بطن مبارک سے تھے۔ شجاعت حیدری کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے آقا حسینؑ پر راہِ حق میں جنگ کرتے ہوئے قربان ہوئے

(۱۷) حضرت عباس ابن علی ابن ابی طالبؑ سپہ سالار فوج حق

آج بھی پرچم عباس ہے آگے آگے
انکی میراث میں آیا ہے قیادت کرنا

(ریحان اعظمی)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اب صرف فوج حسینیؑ میں حضرت عباسؑ کے علاوہ کوئی نہ تھا۔ آپکو کس طرح اجازت ملی؟ دنیا جانتی ہے۔ ام البنینؑ کے اس شیر کی جنگ اور بہادری سے تاریخ اسلام کا ہر ورق آشنا ہے۔ بلکہ بچہ بچہ کی زبان پر آپ کی شجاعت کے قصے ہیں۔ اپنے بابا کی پیروی کرتے ہوئے جیسے علیؑ ہر وقت اللہ کے رسولؐ کے گرد فدا اور قربان ہونے کے لئے موجود رہتے تھے۔ اپنے کو ہمیشہ رسولؐ کا غلام اور ادنیٰ خادم سمجھتے تھے اس ہی طرح حضرت عباسؑ نے بھی لختِ جگرِ مصطفیٰ حضرت امام حسین علیہ السلام کے سایہ کے ساتھ اپنے کو قربان اور فداکاری کے لئے تیار رکھا اپنے کو حسینؑ کا غلام سمجھا۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ شہادت کے وقت امامؑ نے کس حسرت سے کہا تھا کہ بھائی عباسؑ اب تو مجھ کو بھائی کہہ کر پکارو۔ حضرت عباسؑ نے کہا مولا میرے بابا کا یہ حکم تھا کہ کبھی اپنے کو رسولؐ اور فاطمہؑ کے بچوں کے برابر نہ سمجھنا ہمیشہ ان کے سامنے غلاموں کی طرح رہنا۔ مولا آپ رسولؐ کے بیٹے ہیں اور میں رسولؐ کے غلام علیؑ کا بیٹا ہوں کسطرح آپ کے برابر ہو سکتا ہوں۔ آپنے فاطمہؑ کے لختِ جگر کے زانوں پہ اس ہی حالت میں جان دی۔ آپکے کئی قاتل تھے۔ اس جری کو کون اکیلے قتل کر سکتا تھا مشہور قاتلوں کے نام یزید بن دقار جہنمی، حکیم بن طفیل طائی۔ (بحوالہ تاریخ کا خونی ورق از علامہ مہدی)

ہر شیعہ کے گھر میں رکھنے والی کتاب "کتاب تشکیل پاکستان میں شیعان علی کا کردار"

قیمت - ۲۵ روپیہ۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سید الشہدا حضرت امام حسین علیہ السلام

حضرت عباسؑ کی شہادت پر فوج حسینی کا خاتمہ ہو گیا اور ذبح عظیم کی منزل قریب آگئی اب راہِ حق میں قربان ہونے کے لیے حضرت علی اصغر جنکی عمر چھ ماہ تھی وہ اور سیدہ کا لال رسولؐ کا لختِ جگر باقی رہ گیا تھا جسکو دنیا حسین شہید کربلا کے نام سے جانتی ہے۔ آیئے ہم حسین غریب الوطن کا تعارف مولانا عینی شاہ صاحب (نظامی مرحوم) خلیفہ خواجہ حسن نظامی کی زبانی کراتے ہیں جنکو کلمہ گو مسلمانوں نے قتل کیا۔ سنیئے عینی نظامی کیا کہتے ہیں۔

ان کے فضائل کیا بیان ہوں جو سراپائے فضائل اور روحِ فضائل تھے بلکہ فضائل کا وجود محمدؐ و آل محمدؐ سے منصۂ شہود پر نظر آرہا ہے حسینؑ بن علیؑ اَباً و اُمّاً ہاشمی، قریشی و مطلبی اہل بیت اور آل محمدؐ تھے۔ خیر الوریٰ کے نواسے خیر البشر کے بیٹے اور خیر النساء کے جگر گوشہ تھے آپ نسباً و حسباً... خیر الاخیار اور خلاصہ ابرار تھے۔ صورت میں سیرت میں شبیہ پیغمبرؐ، چال میں، چلن میں مثل حیدرؑ، علم میں عمل میں نظیر رسولؐ عصمت میں عفت میں فرزند بتولؑ، عند اللہ مقبول اور عند الرسولؐ محبوب تھے حسینؑ کی ہر ادا، فضیلت ہر عمل حسینؑ کا فضیلت ہے۔ اخلاق الٰہی ان کی فطرت شمائل محمدی ان کی سیرت، ہم ان کے محاسن کیا گنوا سکیں ہم انکی فضیلتیں کہاں تک گن سکیں ہم ان کے نام لیوا، ان کے کلمہ خواں، ہم ان کے غلام وہ ہمارے آبا و اجداد

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے امام، ہماری بساط کیا جو ان کے مناقب لکھ سکیں۔ یہ فضائل کے سرچشمہ یہ محاسن کے گنجینہ یہ شمائل کے خزانہ، یہ افاضل کے سرحلقہ، اور اکابر کے ائمہ یہ حسنات بانٹنے والے یہ درجات بلند کرنے والے، یہ قسیم النار والجنتہ یہ شفیع الانام والامہ، یہ مولا ہم غلام، یہ امام اور ہم عوام، یہ حسینؑ اور ہم خاک نعلین۔

یہ آسمان ولایت، یہ آفتاب امامت، یہ گوہر کان امامت، یہ تنویر صداقت، یہ تصویر شہادت، یہ قدسی صفت، یہ عرشی منزلت، یہ جبرئیل مرتبت یہ فرشتہ سیرت، یہ معدنِ علم و حیا۔ یہ مخزن صدق و صفا، یہ سراپائے تسلیم و رضا یہ دریائے جود و عطا، یہ سفینہ سخا یہ خزینہ سخا۔ یہ سیدالشہداء محبوب خدا یہ نور دیدہ مصطفےٰ ہیں۔

ان کی عظمت مسلمہ، ان کی فضیلت محکمہ، ان کی طہارت منصوص، انکی عصمت محفوظ، ان کی مودت فرض، ان کی اطاعت واجب ان کی امامت مشہود، ان کی ولایت مشہود، ان کی کرامت متواتر، ان کی خرق عادت متکاثر ان کی طاقت عیاں، ان کی قدرت نمایاں، ان کی عبادت مہتم بالشان انکی سخاوت زبان زد انس و جاں، ان کی قابلیت خداداد، ان کی علمیت اظہر من الشمس ان کی نماز تلوار کے نیچے، ان کی تلاوت سر نیزہ انکی نسبت محمدؐ سے، ان کی قرابت محمدؐ سے ان کی طینت محمدؐ کی، ان کی خلقت محمدؐ کی، ان کی تعریف قرآن میں ان کے مناقب حدیث میں، ان کے فضائل کتاب میں ان کے شمائل بوترابؑ میں، یہ نظیر محمدؐ ہیں، یہ جانِ پیغمبرؐ ہیں، یہ سبطِ اصغرؑ ہیں یہ نفس محمدؐ ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حسینؑ کے نانا کون؟

ان کے نانا سیدالاولین والآخرین ہیں، ان کے نانا افضل الانبیاء والمرسلین ہیں، ان کے نانا سیداولاد آدم ہیں ان کے نانا افضل من کان ومن یکون ہیں ان کے نانا رحمۃ اللعالمین ہیں، ان کے نانا شفیع المذنبین ہیں۔ ان کے نانا مہبطِ وحی وقرآن ہیں۔ ان کے نانا خلیفۂ رحمٰن ہیں ان کے نانا عالم ماکان ومایکون ہیں ان کے نانا اول فیکون ہیں۔ ان کے نانا آخرالانبیا ہیں۔ ان کے نانا حبیب اللہ ہیں ان کے نانا رسول اللہ ہیں۔

حسینؑ کے باپ کون؟

ان کے باپ اول کلمہ گو ہیں۔ ان کے باپ فرشتہ خو ہیں، ان کے باپ صدیق اکبر ہیں۔ ان کے باپ صفدر وحیدر ہیں، ان کے باپ قرآن ناطق ہیں ان کے باپ لسان صادق ہیں۔ ان کے باپ اذنِ داعیہ ہیں، ان کے باپ حجۃ اللہ ہیں ان کے باپ سید دنیاو آخرت ہیں ان کے باپ امام المشارق والمغارب ہیں۔ ان کے باپ مظہر عجائب وغرائب ہیں۔ ان کے باپ افضل امت ہیں ان کے باپ محبوب خدا مصطفےٰ ہیں۔ ان کے باپ ہارون وقت ہیں۔ ان کے باپ باب العلم ہیں، ان کے باپ باب اللہ ہیں۔ ان کے باپ وصی رسولؐ ہیں ان کے باپ ولی مقبول ہیں۔ ان کے باپ مولائے امت ہیں۔ ان کے باپ برادرِ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آنحضرت ہیں۔ ان کے باپ امام المتقین ہیں۔ ان کے باپ امیرالمومنین ہیں

حسینؑ کی ماں کون؟

ان کی ماں سیدہ زنان جنت، ان کی ماں انسی حور، ان کی ماں عصمت کی شمع طور ہیں، ان کی ماں ماہِ طلعت ہیں۔ ان کی ماں آفتاب صورت، ان کی ماں فرشتۂ دوراں، ان کی ماں مریم زماں، ان کی ماں محمدؐ کی بیٹی، ان کی ماں نبیؐ کی دختر، ان کی ماں محمدؐ صورت، ان کی ماں محمدؐ سیرت، ان کی ماں مورد آیۂ تطہیر ان کی ماں مصداق سورہ تنویر۔ ان کی ماں محمدؐ کی جائی۔ ان کی ماں محمدؐ کا ایک حصہ ان کی ماں فاطمہ ان کی ماں خیرالنساء ان کی ماں زہرا۔

حسینؑ بن علیؑ کی تعریف مجھ سے کیا ہو سکتی ہے۔ حسینؑ بن علیؑ کی توصیف مجھ جیسے سے کہاں ممکن۔ ہاں ان کے نانا اور میرے آقا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی عظمت وجلالت جو بیان فرمائی ہے۔ اور ان کی تعریف وتوصیف جو فرمائی ہے اس کا کچھ حصہ بیان کئے دیتا ہوں۔

حسینؑ کا تعارف رسول اکرمؐ کی زبانی

(۱) حسینؑ مجھ سے ہے میں حسینؑ سے ہوں (طبرانی، بیہقی، حاکم، ترمذی، ابن عساکر۔ (۲) حسنینؑ بہشتی جوانوں کے سردار ہیں (احمد، ترمذی، نسائی و حاکم و طبرانی۔

(۳) حسنینؑ کا سردار جوانان جنت ہونا جبریل نے بیان کیا ہے (بخاری، احمد، ترمذی، نسائی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وحاکم) (۴) حسنینؑ میرے دو بنیادی پھول ہیں (ترمذی، بخاری، طبرانی ونسائی۔)

(۵) حسنینؑ میرے لخت جگر اور میری دختر کے دو نور نظر ہیں ترمذی، ابن حبان)

(۶) حسنینؑ سبطین ہیں (بخاری، ترمذی، ابن ماجہ وحاکم)

(۷) خداوندا! حسنینؑ کے دوست کو دوست دشمن کو دشمن رکھ (ترمذی، حاکم و ابن حبان)

(۸) حسنینؑ کا دوست میرا دوست ہے ان کا دشمن میرا دشمن ہے (احمد، ابن ماجہ اور حاکم)

(۹) خداوندا! یہ دونوں میرے پیارے ہیں تو بھی انھیں پیار کر اور ان کے دوست کو دوست اور دشمن کو دشمن رکھ (ترمذی، طبرانی وابن شیبہ)

(۱۰) محب حسنینؑ میرا دوست ہے میرا محبوب محبوب خدا ہے اور خدا اپنے محبوب کو بہشت دیتا ہے (حاکم و طبرانی والونعیم)

(۱۱) دشمن حسنینؑ کو میں دشمن رکھتا ہوں، میں جسکو دشمن رکھوں خدا اس کا دشمن ہے اور اس کو خدا اصل جہنم کرتا ہے (ابونعیم۔ حاکم، طبرانی)

(۱۲) حسنینؑ زینت بخش جہاں ہیں (طبرانی، خطیب وابن عساکر)

(۱۳) نانی، نانا، ماں باپ، پھوپھی، خالہ، ماموں کے پیش نظر جو لوگ افضل خلق ہیں وہ حسنینؑ ہیں، ان کا نانا میں، ان کی نانی خدیجہ، ان کا باپ علیؑ۔ ان کی ماں فاطمہؑ ان کا چچا جعفر طیارؑ، ان کی پھوپی ام ہانی۔ ان کے ماموں قاسم بن محمد ہیں۔ ان کا نانا جنتی، ان کی نانی جنتی ان کا باپ جنتی ان کی ماں جنتی، ان کا چچا جنتی ان کی پھوپھی جنتی ان کا ماموں جنتی اور یہ جنتی اور ان کے دوستان جنتی ہیں۔ (طبرانی بیہقی وابن عساکر)

(۱۴) محب حسنینؑ محبوب خدا ہے (طبرانی وابن عساکر احمد بن حنبل وابن ابی شیبہ)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۱۵) حسنینؑ عرش کے دو گوشوارے ہیں (طبرانی)

(۱۶) محب حسینؑ محبوب رسول اللہ ہیں۔ (طبرانی)

(۱۷) خداوندا میں حسینؑ کو محبوب رکھتا ہوں تو بھی اس کو محبوب رکھ (حاکم)

(۱۸) محبوب ترین اہلبیت میرے حسنینؑ ہیں۔ (ترمذی)

(۱۹) علیؑ و فاطمہؑ و حسنینؑ سے فرمایا: تم سے جو لڑے گا۔ اس سے میں لڑوں گا جو تمہارا دوست ہوگا میں اس کو دوست رکھوں گا (طبرانی۔ ترمذی۔ ابن ماجہ و حاکم)

(۲۰) ہم اولاد عبد المطلب سرداران اہل جنت ہیں۔ میں حمزہؑ۔ علیؑ حسنؑ و حسینؑ جعفر اور مہدی (ابن ماجہ و حاکم)

(۲۱) سب سے پہلے جنت میں داخل ہونے والے میں۔ علیؑ و فاطمہ حسنؑ و حسینؑ ہیں۔ اور ہمارے محب ہمارے عقب میں (حاکم)

(۲۲) میں۔ علی، فاطمہؑ اور حسنینؑ حضیرۂ قدس میں ہوں گے جسکی چھت عرش رحمٰن ہوگا طبرانی' (۲۳) ہر حائضہ اور جنبی کی آمد و رفت میری مسجد سے حرام ہے سوائے میرے علیؑ کے، فاطمہؑ کے حسنینؑ کے (بیہقی و ابن عساکر)

(۲۴) بہترین ذکور علیؑ بہترین اناث فاطمہؑ اور بہترین جوان حسنین ہیں۔ (خطیب ابن عساکر)

(۲۵) جس نے علیؑ و فاطمہؑ و حسنینؑ سے محبت کی وہ میرا محب ہے جس نے عداوت رکھی وہ میرا دشمن ہے (طبرانی و ابن عساکر)

(۲۶) جس نے حسنینؑ کو اور علیؑ و فاطمہ کو دوست رکھا وہ میرے درجہ جنت میں میرے ہمراہ رہے گا۔ (طبرانی)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۲۰) جس نے میرے اہلبیتؑ کو ایذا دی اس نے خدا کو ایذا دی (ابونعیم)

(۲۸) ہم اہلبیتؑ سے جس نے دشمنی کی وہ جہنمی ہے (حاکم)

(۲۹) جس نے ہم اہلبیتؑ سے دشمنی کی اور حسد کیا وہ حوض کوثر سے آتشیں کوڑوں کے ذریعہ ہانکدیا جائے گا۔ (طبرانی)

(۳۰) احادیث کسا، مردیہ، ترمذی و طبرانی و حاکم و طبری و طحاوی و بیہقی بن حنبل و ابن ابی حاتم و ابن ابی شیبہ و ابن ابی ماجہ و نسائی و ابن ابی مردویہ وغیرہم سے واضح ہے کہ خود آنحضرتؐ نے حضرات علیؑ و فاطمہؑ و حسنینؑ پر چادر اوڑھائی اور فرمایا کہ خدایا یہی میرے اہلبیتؑ ہیں۔ (۳۱) حسنینؑ میرے فرزند اور فاطمہؑ کے نور دیدہ ہیں (ترمذی)

(۳۲) حضرت عمرؓ کہتے ہیں میں نے حسینؑ کو دوش آنحضرتؐ پر دیکھ کر کہا اچھی سواری ملی فرمایا سوار بھی اچھے ہیں (عبدالرزاق و ابن شاہین)

(۳۳) آنحضرتؐ حسینؑ سے فرمایا کرتے "بیٹا میرے دوش پر سوار ہو" (طبرانی)

(۳۴) ابن زبیر کہتے ہیں۔ میں نے بارہا دیکھا۔ کہ آنحضرتؐ جب سجدے میں ہوتے تو حسینؑ آپکی پشت پر بیٹھ جاتے تھے اور جبتک حسینؑ نہ اتر جاتے سر اٹھاتے نہ تھے (طبرانی و ابن سعد و امام احمد بن حنبل) (۳۵) آنحضرتؐ اپنی زبان مبارک حسینؑ کو بارہا چوسایا کرتے تھے اور انکی زبان مبارک کو خود چوسا کرتے تھے۔ (ابن سعد)

(۳۶) آنحضرتؐ حسینؑ کو دیکھ کر فرمایا کرتے بیٹا! تم وہ ہو جس پر سے میں نے ابراہیم کو نثار کیا ہے (اغاثۃ المسئول و کفایۃ الکلبی)

(۳۷) حسنینؑ اور ان کی اولاد کی تعظیم کے لئے اٹھا کرو (ابن عساکر)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام حسینؑ اُن کے بھائی امام حسنؑ ان کے باپ علیؑ بن ابی طالب اور ان کی والدہ فاطمہ علیہم السلام آنحضرتؐ کے حقیقی اہلبیتؑ آنحضرتؐ کے قطعی عزیز، آنحضرتؐ کا کنبہ آنحضرتؐ کے گھر والے، آنحضرتؐ کے جگر پارے، آنحضرتؐ کا گوشت پوست آنحضرتؐ کے روح رواں اور آنحضرتؐ کے دل و جان ہیں۔ آیت مباہلہ میں ابنائنا حضرت حسینؑ نسائنا میں صرف حضرت فاطمہؑ اور انفسنا میں صرف حضرت علیؑ عند اللہ و عند الرسول مقصود و مطلوب ہیں انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا کے مورد و مصداق قول و فعل پیغمبرؐ سے یہی چار تن تھے اور ان پر چادر اوڑھانے کے بعد آنحضرتؐ کا "اللھم ھؤلاء اھل بیتی اللھم ھؤلاء الی" فرمانا بالتواتر مروی و ثابت ہے۔ اور ۲۵ صحابہ اس کے راوی ہیں۔ نزول آیت مودت کے بعد صحابہ کے اس سوال پر کہ حضورؐ کے وہ کون قرابتی ہیں جن کی مودت ہم پر اس آیت سے فرض ہو چکی ہے تو فرمایا وہ علیؑ و فاطمہ و حسنینؑ ہیں۔ نزول آیہ واولوالارحام بعضھم اولی ببعض کے بعد بھی تفسیر آیت فرماتے ہوئے زبان وحی ترجمان نے انہی چار تن کو علیؑ و فاطمہ و حسنینؑ کو ہی اپنا اولی الارحام کہا تھا یکصد و پنجاہ احادیث ثقلین مرویہ مسلم و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ و حاکم و احمد بن حنبل و طبرانی و طحاوی و النوی و عبدالرزاق و ابن راہویہ و بزار و ابن عقدہ و دلائلی و سیوطی و ابن جریر طبری وغیرہم سے ثابت ہے کہ وہ ثقلین بار بروایت دیگرے خلیفتین سے ایک قرآن مجید اور دوسرے علیؑ اور ان کے فرزندان حضرت حسنینؑ ہی اسی پر حضرت علیؑ نے فرمایا بھی "انا احد الثقلین"۔ اور امام حسنؑ نے فرمایا "نحن احد الثقلین الذان خلفھما جدی فی امتہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

